# حرفِ اول

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

زیرِ نظر شمارے سے حکمتِ قرآن کی ساتویں جلد پایۂ تکمیل کو پہنچ رہی ہے۔ فللہ الحمد والمنہ۔
حسبِ سابق سال بھر کے دوران شائع ہونے والے تمام مضامین کا اشاریہ اس شمارے میں شاملِ اشاعت کیا جا رہا ہے۔

اس شمارے میں پروفیسر حافظ احمد یار صاحب کا ایک وقیع مضمون 'اسلام کا روحانی نظام' شامل ہے۔ یہ مبسوط مقالہ مارچ ۸۸ء میں انجمن خدام القرآن لاہور کے زیرِ اہتمام منعقدہ محاضراتِ قرآنی میں پیش کیا گیا تھا۔ قارئین کو یاد ہوگا کہ اس بار محاضراتِ قرآنی کی وہ نشست بہت بھرپور تھی جس کا عنوان ہی 'اسلام کا روحانی نظام' تجویز کیا گیا تھا۔ اس موقع پر پیش کیے گئے تمام مقالات کو سالِ رواں کے دوران 'حکمت قرآن' کے مختلف شماروں میں شائع کیا جا چکا ہے۔ حافظ صاحب کا مذکورہ بالا مقالہ اس سلسلے کی آخری کڑی ہے۔ لیکن اس سلسلۂ مضمون کا تکملہ، جس کا قارئین کو کئی ماہ سے انتظار ہے، محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے ذمے ایک قرض کی شکل میں ابھی باقی ہے۔ خیال ہے کہ اس سلسلے کی تکمیل پر ان تمام مقالات و مضامین کو یکجا کتابی شکل میں شائع کر دیا جائے گا۔

ڈاکٹر محمد رفیع الدین مرحوم کی شہرۂ آفاق تصنیف 'منشورِ اسلام' کے ترجمے کی قسط وار اشاعت جو محترم ڈاکٹر ابصار احمد کی بعض مصروفیات کے باعث کئی ماہ سے موقوف تھی، ان شاء اللہ العزیز جنوری ۸۹ء سے اس کی اشاعت کا سلسلہ ازسرِ نو شروع کر دیا جائے گا، اور کوشش کی جائے گی کہ آئندہ اس کی اشاعت میں تعطل واقع نہ ہو۔ واللہ الموفق والمستعان۔


برائے فوری توجہ

مورخہ دو اکتوبر ۱۹۸۸ء سے

مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور
۳۶۔ کے، ماڈل ٹاؤن

کے نئے ٹیلی فون نمبرز

پُرانے نمبر
۸۵۲۶۱۱
۸۵۲۶۸۳

نئے نمبرز
۸۵۶۰۰۳
۸۵۶۰۰۴


aid.com